دفتر افسر اعلیٰ تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے بارہویں جماعت کے بورڈ امتحان 2025-26 کے نتائج کا اعلان کیا۔لڑکیوں نے تینوں اسٹریم میں لڑکوں کو پیچھے چھوڑا۔طلبہ نتائج آن لائن ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں

New Delhi 4 May 2026

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے آج تعلیمی سال 2025-26 کی بارہویں جماعت کے بورڈ امتحان کے نتائج کا اعلان کیا۔ امتحان میں شریک طلبہ میں سے مجموعی طور پر پاس ہونے کا تناسب بانوے فیصد رہا اورلڑکیوں نے تینوں اسٹریمز یعنی سائنس، آرٹس اور کامرس میں لڑکوں کو پیچھے چھوڑ دیا۔

سائنس اسٹریم میں چورانوے اعشاریہ آٹھ چار فی صدلڑکیاں اور اکیانوے اعشاریہ چار فیصد لڑکے کامیاب ہوئے۔ کامرس اسٹریم میں بانوے اعشاریہ سات سات فیصدلڑکیاں اور پچاسی اعشاریہ دو سات فی صدلڑکے متحان پاس ہوئے اور آرٹس اسٹریم میں ستانوے اعشاریہ چھ چار فی صد طالبات اوراٹھاسی اعشاریہ سات سات فیصدلڑکوں نے بورڈ کا امتحان پاس کیا۔

نتائج کا اعلان پروفیسر مظہر آصف شیخ الجامعہ، جامعہ ملیہ اسلامیہ، پروفیسر محمد مہتاب عالم رضوی، مسجل جامعہ ملیہ اسلامیہ اور پروفیسر احتشام الحق، کنٹرولر امتحانات، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے یونیورسٹی حکام اور جامعہ اسکول کے پرنسپلز کی موجودگی میں کیا۔

پروفیسر آصف اور پروفیسر رضوی نے اعلی نمبرات حاصل کرنے والوں، ان کے اہل خانہ اوران کے اسکول کوان کی شاندار کارکردگی پر مبارک باد دی۔ انہوں نے دیگر تمام طلبہ کو بھی مبارک باد دی جنہوں نے بورڈ کا امتحان اعلیٰ نمبرات کے ساتھ پاس کیا، خاص طور پر انہوں نے لڑکوں کو پیچھے چھوڑنے پرلڑکیوں کی کارکردگی کو سراہا۔ انہوں نے جامعہ اسکول اورامتحانات کے کنٹرولر کے دفتر کی جانب سے نتائج کے قبل از وقت اعلان کی تعریف کی کیونکہ بارہویں جماعت کے طلبہ یونیورسٹی میں داخلے کے لیے درخواست دینے یا مقابلہ جاتی امتحانات کے لیے داخلہ امتحانات کی تیاری کررہے ہیں۔

پروفیسر حق، کنٹرولر امتحانات، جامعہ ملیہ اسلامیہ نے اسکولوں اور ایویلیوایشن ٹیم کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے امتحانات کو بآسانی منعقد کرنے اور جانچ کے عمل کو مقررہ وقت میں یقینی بناتے ہوئے بارہویں جماعت کے نتائج کا اعلان کئی دیگر بورڈز سے پہلے تیار کردیا۔

سائنس اسٹریم میں جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول کی صائمہ رضوی نے اٹھانوے اعشاریہ آٹھ فیصد کے ساتھ پہلی پوزیشن

حاصل کی، جب کہ سید عابد حسین سینئر سیکنڈری اسکول کے محمد کلیم انصاری نے ستانوے اعشاریہ چار فیصد کے ساتھ دوسرا مقام حاصل کیا اور جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول کے محمد معاذ عالم نے ستانوے اعشاریہ دو فیصد کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔

کامرس اسٹریم میں، محمد۔ جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول کے ساحل سیفی نے ستانوے اعشاریہ چار فیصد فیصد نمبر لے کر امتحان میں ٹاپ کیا۔ جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول کی رخسار پروین اور لائبہ ایوبی نے بھی ستانوے اعشاریہ دو فیصد کے ساتھ دوسری پوزیشن حاصل کی جب کہ سید عابد حسین سینئر سیکنڈری اسکول کے شایان حسن خان نے چھیانوے اعشاریہ آٹھ فیصد کے ساتھ تیسری پوزیشن حاصل کی۔

آرٹس اسٹریم میں جامعہ گرلز سینئر سیکنڈری اسکول کی کاشفہ نے اٹھانوے اعشاریہ دو فیصد نمبروں کے ساتھ امتحان میں سب سے زیادہ نمبرات حاصل کیے۔ جامعہ گرلز سینئر سیکنڈری اسکول کی علمہ شمیم اور جامعہ سینئر سیکنڈری اسکول کی حلیمہ پروین دونوں نے ستانوے اعشاریہ چھ فیصد نمبر حاصل کر کے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ تیسری پوزیشن سید عابد حسین سینئر سیکنڈری اسکول کی سمیعہ سعید اور صبیحہ ناز نے مشترکہ طور پر حاصل کی، دونوں نے چھیانوے اعشاریہ آٹھ فیصد نمبر حاصل کیے۔

طلبہ کے پاس QR کوڈ کے استعمال سے مارک شیٹ ڈاؤن لوڈ کر سکتے ہیں۔ قیو آر کوڈ کو اسکین کرنے کے بعد انہیں اپنا رول نمبر اور اندراج نمبر داخل کرنا ہوگا۔ کسی بھی تصحیح کے لیے آن لائن ونڈو تین دن تک قابل رسائی رہے گی، جس کے بعد حتمی مارک شیٹ جاری کی جائے گی۔

مارک شیٹ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے لنک اور QR کوڈ نیچے دیا گیا ہے۔

http://jmiregular.ucanapply.com/examinationsystemjmi/schoolresult.php

پروفیسر صائمہ سعید

افسر اعلی، تعلقات عامہ

جامعہ ملیہ اسلامیہ